BOARD OF INTERMEDIATE AND SECONDARY EDUCATION,MULTAN.
OBJECTIVE KEY FOR INTERMEDIATE 1ST ANNUAL EXAMINATION,2025

Name of Subject: اردو اعلیٰ II Group:

Q. Nos	Paper Code 4371	Correct Anwser	Paper Code	Correct Anwser	Paper Code	Correct Anwser	Paper Code	Correct Anwser
1	A	فصاحت کی						
2	D	انسانی ارتقاء کی						
3	C	جھینگر						
4	B	سرگودھا						
5	D	1873						
6	C	مظفر حسین برنی نے						
7	A	چند ہم عصر سے						
8	B	ں						
9	C	مثنوی						
10	D	قصیدے کا						
11	B	شاہ عبدالعزیز کے						
12	A	علی سکندر						
13	C	سیرت نگاری						
14	B	مولانا حالی نے						
15	D	اردو						
16	A	بریدِ فرنگ						
17	C	8						
18	B	ناصر کاظمی						
19	C	کتاب کی						
20	A	پنجابی						

Cross Check	A	B	C	D	A	B	C	D	A	B	C	D	A	B	C	D
Total	5	5	6	4												

سرٹیفکیٹ بابت تصحیح سوالیہ پرچہ / مارکنگ Key

ہم نے مضمون اردو اعلیٰ پرچہ II گروپ ______ انٹرمیڈیٹ پہلا سالانہ امتحان 2025 کا سوالیہ پرچہ (انشائیہ و معروضی) (Subjective&Objective) کو بغور چیک کرلیا ہے۔ یہ پرچہ Syllabus کے عین مطابق Set کیا گیا ہے۔ اس سوالیہ پرچہ میں کسی قسم کی کوئی غلطی نہ ہے۔ ہم نے سوالیہ پرچہ کا اردو اور انگریزی Version بھی چیک کرلیا ہے۔ یہ Version آپس میں مطابقت رکھتے ہیں۔ نیز اس پرچہ کی Key (MCQs) کی بابت تصدیق کی جاتی ہے کہ اس میں بھی کسی قسم کی کوئی غلطی نہ ہے۔ مزید یہ کہ ہم نے Key بنانے سے متعلق دفتر کی جانب سے تیار کردہ ہدایات / اصول و ضوابط کا بغور مطالعہ کرلیا ہے اور ان کی روشنی میں Key بنائی ہے۔ نیز سب ایگزامینرز کیلئے تفصیلی مارکنگ ہدایات / مارکنگ سکیم / Rubrics بھی تیار کر دی گئی ہیں۔

Prepared & Checked By: Dated: 07-05-2025

S.#	Name	Designation	Institution	Mobile No	Signature
1	SHOAIB AHMAD	Lecturer	Govt College Lodhran	0300 5383800	[signature]
2	Dr Raazia Batool	A.P	Govt Graduate College Bosan Road Multan	0321-6372396	[signature]
3	DR. Shakeel Hussain	AP	Govt. Millat College	03366559911	[signature]
4					
5					

رول نمبر ____________	انٹر میڈیٹ پارٹ سیکنڈ (جماعت بارہویں) 2025 (1st-A)		
اردو اعلیٰ پرچہ-دوسرا	انشائیہ	وقت = 2.30 گھنٹے	کل نمبر = 80

نوٹ:- جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچہ میں درج ہے۔

حصہ اول

2۔(الف) درج ذیل نظم کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10 = 1 + 1 + 4 + 4

(i) نہیں موقوف خلاقی تری اس ایک دُنیا پر
کیے ہیں ایسے ایسے سیکڑوں پیدا جہاں تُو نے

(ii) کسی کو تاکہ اپنی سر بلندی پر نہ غرّہ ہو
ازل سے کی نگوں ساری نصیب آسماں تُو نے

(ب) درج ذیل غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے اور ہر شعر کے شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 15 = 1 + 1 + 1 + 4 + 4 + 4

(i) ترے آزاد بندوں کی نہ یہ دنیا، نہ وہ دنیا
یہاں مرنے کی پابندی، وہاں جینے کی پابندی

(ii) دل زمانے کے ہاتھ سے سالم
کوئی ہو گا کہ رہ گیا ہو گا

(iii) جسے کہتے ہیں بحرِ عشق اس کے دو کنارے ہیں
ازل نام اس کنارے کا، ابد ہے اس کنارے کا

حصہ دوم

3۔ درج ذیل نثر پارے کی تشریح بحوالہ سیاق و سباق کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ 10 = 1 + 1 + 2 + 6

تعصّب ان میں نام کو نہ تھا۔ ہر قوم و ملّت کے آدمی سے یکساں خلوص اور محبت سے پیش آتے تھے۔ جب کبھی ہندو مسلم نزاع کا کوئی واقعہ سنتے تھے تو انھیں بہت رنج اور افسوس ہوتا تھا۔ تحریر و تقریر میں تو کیا، نج کی اور بے تکلفی کی گفتگو میں بھی ان کی زبان سے کبھی کوئی کلمہ ایسا سننے میں نہیں آیا جو کسی فرقے کی دل آزاری کا باعث ہو بلکہ اگر کوئی ایسی بات کہتا تو برا مانتے اور نصیحت کرتے تھے۔ بے تعصبی کا وصف انھیں لوگوں میں پایا جاتا ہے جن کی طبیعت میں انصاف ہوتا ہے۔

4۔ بہادر شاہ ظفر یا علامہ اقبالؒ میں سے کسی ایک شاعر کے حالاتِ زندگی اور شاعرانہ خصوصیات بیان کیجیے۔ 10 = 4 + 6

5۔ مولانا محمد حسین آزاد یا وزیر آغا میں سے کسی ایک نثر نگار کے مختصر حالاتِ زندگی اور نثر نگاری کی خصوصیات پر اظہار خیال کیجیے۔ 05 = 2 + 3

6۔ رحمان بابا کے مختصر سوانحی حالات اور خصوصیاتِ کلام کا جائزہ لیجیے۔ 10 = 4 + 6

7۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر جامع مضمون تحریر کیجیے۔ 20

(i) اردو ذریعہ تعلیم
(ii) ماحولیاتی آلودگی، اسباب اور سدِّباب
(iii) مخلوط تعلیم

Paper Code Number: 4371	2025 (1st-A) انٹرمیڈیٹ پارٹ سیکنڈ (جماعت بارھویں)	رول نمبر ____________

اردو اعلیٰ	پرچہ۔دوسرا	معروضی	وقت 30 منٹ	کل نمبر = 20

سوال نمبر 1 ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

نمبر شمار	سوالات	A	B	C	D
1	نظم در حقیقت ایک شاخ گل ریز ہے۔	فصاحت کی	بلاغت کی	جذبات کی	احساسات کی
2	الفاظ کی کہانی، کہانی ہے۔	انسانی فضیلت کی	ادبی معراج کی	علمی ترقی کی	انسانی ارتقا کی
3	سب کتابوں کو چاٹ گیا، بڑا موذی تھا۔	کتابی کیڑا	لال بیگ	جھینگر	دیمک
4	ڈاکٹر وزیر آغا کی پیدائش کس ضلع میں ہوئی؟	لاہور	سرگودھا	فیصل آباد	ننکانہ صاحب
5	مولانا ظفر علی خاں کا سن ولادت ہے۔	1945ء	1857ء	1947ء	1873ء
6	علامہ اقبالؒ کے تمام خطوط کو چار ضخیم جلدوں میں مدوّن کیا۔	سید نذیر نیازی نے	خود اقبال نے	مظفر حسین برنی نے	جواب موجود نہیں
7	سبق "مولانا حالی" لیا گیا ہے۔	چند ہم عصر سے	شہاب نامہ سے	نقش فریادی سے	آب حیات سے
8	"حمد" کے قوافی کا آخری حرف ہے۔	م	ل	ر	ش
9	"سیف الملوک" ہے۔	قصیدہ	نعت	مثنوی	غزل
10	غزل کس کا حصہ تھی؟	مرثیے کا	افسانے کا	ناول کا	قصیدے کا
11	مومن کے والد کو خاص ارادت تھی۔	شاہ ولی اللہؒ سے	شاہ عبدالعزیزؒ سے	شاہ رفیع الدینؒ سے	مرزا غالب سے
12	جگر مراد آبادی کا نام کیا تھا؟	علی سکندر	علی اختر	علی معین	علی اکبر
13	سبق "رحمۃ للعالمین" کا تعلق کس صنف سے ہے؟	افسانہ نگاری	ناول نگاری	سیرت نگاری	نظم نگاری
14	"حیات سعدی" کس نے لکھی؟	شیخ سعدیؒ نے	مولانا حالی نے	مولانا آزاد نے	مولوی عبدالحق نے
15	مولانا احسن مارہروی کا تعلق کس شعبے سے تھا؟	عربی	فارسی	انگریزی	اردو
16	سید سلیمان ندوی کے مکتوبات کا کونسا مجموعہ یورپ سے متعلق ہے؟	برید فرنگ	مکتوباتِ سبحانی	مکاتیب سید سلیمان ندوی	جواب موجود نہیں
17	مصحفی کے غزل کے کتنے دیوان ہیں؟	6	7	8	9
18	کس شاعر کا شجرۂ نسب امام موسیٰ کاظمؒ سے جاملتا ہے؟	ابراہیم ذوق	ناصر کاظمی	مومن	میر تقی میر
19	مولانا احسن کے نزدیک دو چوریاں جائز تھیں۔ ایک دل کی اور دوسری ________	کیمرے کی	قلم کی	کتاب کی	سائیکل کی
20	میاں محمد بخشؒ کس زبان کے قادر الکلام شاعر تھے؟	پنجابی	سرائیکی	اردو	فارسی